تخریج شدہ

مسائل و آداب اور سبق آموز واقعات کا لاجواب مجموعہ

جنتی زیور

تالیف: شیخ الحدیث حضرت علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ

اسلام میں عورت کا مرتبہ و مقام	ساس بہو کے جھگڑے اور ان کا حل	اولاد کی پرورش کا طریقہ	مرید کو کس طرح رہنا چاہیے
قرآن پاک کی سورتوں کے خواص	روزی میں برکت کے وظائف	امہات المومنین رضی اللہ عنہن اور دیگر صالحات کا تذکرہ	نماز، وضو، غسل، روزہ، زکوٰۃ اور حج کے مسائل

SC1286

يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُوًا (پ۱۷،الحج:۲۳)

جنت میں پہنائے جائیں گے سونے کے کنگن اور موتی۔

جنتی زیور

اسلامی مسائل وخصائل کا خزانہ

تالیف :

حضرت شیخ الحدیث

علامہ عبدالمصطفیٰ اعظمی مجددی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر

مکتبۃ المدینہ

باب المدینہ کراچی

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ

نام کتاب : جنتی زیور

مصنف : علامہ عبدالمصطفی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ

پیش کش : مجلس المدینۃ العلمیۃ (شعبہ تخریج)

تاریخِ اشاعت: ربیع الآخر ١٤٢٧ھ، مئی 2006ء

تاریخ اشاعت: جمادی الاخریٰ ١٤٣٠ھ، جون 2009ء تعداد:2000(دوہزار)

تاریخ اشاعت: ذی الحجہ ١٤٣١ھ، نومبر 2010ء تعداد:3000(تین ہزار)

تاریخ اشاعت: جمادی الاخریٰ ١٤٣٢ھ، مئی 2011ء تعداد:10000(دس ہزار)

تاریخ اشاعت: جمادی الاخریٰ ١٤٣٤ھ، اپریل 2013ء تعداد:10000(دس ہزار)

تاریخ اشاعت: شوال المکرّم ١٤٣٤ھ، اگست 2013ء تعداد:10000(دس ہزار)

تاریخ اشاعت: شعبان المعظم ١٤٣٥ھ، جون 2014ء تعداد:10000(دس ہزار)

ناشر : مکتبۃ المدینہ باب المدینہ کراچی

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

❁......**کراچی** : شہید مسجد، کھارادر، باب المدینہ کراچی فون:021-32203311

❁......**لاھور** : داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ فون:042-37311679

❁......**سردار آباد** : (فیصل آباد) امین پور بازار فون:041-2632625

❁......**کشمیر** : چوک شہیداں، میرپور فون:058274-37212

❁......**حیدر آباد** : فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن فون:022-2620122

E.mail: ilmia@dawateislami.net

﴿۱۸﴾ حضرت لوط علیہ السلام (پ۷،الانعام:۸۶)

﴿۱۹﴾ حضرت ادریس علیہ السلام (پ۱۷،الانبیآء:۸۵)

﴿۲۰﴾ حضرت صالح علیہ السلام (پ۱۹،النمل:۴۵)

﴿۲۱﴾ حضرت ہود علیہ السلام (پ۱۹،الشعرآء:۱۲۴)

﴿۲۲﴾ حضرت شعیب علیہ السلام (پ۱۲،ھود:۸۴)

﴿۲۳﴾ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم (پ۴،ال عمران:۱۴۴)

عقیدہ :۳ نبیوں پر اللہ تعالیٰ نے جو صحیفے اور آسمانی کتابیں اتاریں۔

ان میں سے چار بہت مشہور ہیں:

''**توریت**'' حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر۔(پ۶،المائدۃ:۴۴)

''**زبور**'' حضرت داود علیہ الصلوٰۃ والسلام پر۔(پ۱۵،بنی اسراء یل:۵۵)

''**انجیل**'' حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر۔(پ۶،المائدۃ:۴۶)

''**قرآن مجید**'' جو سب سے **افضل** کتاب ہے وہ سب سے **افضل** رسول حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم پر۔(پ۲۹،الدھر:۲۳)

(النبراس ، بیان الکتب المنزلۃ، ص۲۹۰)

عقیدہ :۴ خدا کے نبیوں کی کوئی تعداد معین کرنی جائز نہیں ہے کیونکہ اس بارے میں مختلف روایتیں آئی ہیں۔اور نبیوں کی کسی معین تعداد پر ایمان لانے میں یہ احتمال ہے کہ کسی نبی کی نبوت کا انکار ہو جائے۔

(شرح العقائد النسفیۃ، مبحث اول الانبیاء آدم علیہ السلام ،ص۱۳۹۔۱۴۰/الفتاوی الرضویۃ الجدیدۃ، کتاب السیر ، ج۱۵،ص۲۴۸/شرح الملاّ علی القاری علی الفقہ الاکبر، الانبیآء منزھون عن الکبائر والصغائر، ص۵۷/الشفاء فصل فی بیان ما ھو من المقالات کفر ، ص۲۴۵)

یا غیر نبی کو نبی مان لیا جائے اور یہ دونوں باتیں کفر ہیں۔اس لئے یہ اعتقاد رکھنا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کے ہر نبی پر ہمارا ایمان ہے۔

عقیدہ :۵ مسلمان کے لئے جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات پر ایمان لانا ضروری ہے۔اسی طرح ہر نبی کی نبوت پر بھی ایمان لانا ضروری ہے۔

عقیدہ :٦ ہر نبی اور فرشتہ کا معصوم ہونا ضروری ہے۔ نبی اور فرشتہ کے سوا کوئی معصوم نہیں۔

(النبراس ، مبحث مسئله عصمة الانبياء عليهم السلام ،ص ۲۸۳
النبراس ، مبحث الملائكه عليهم السلام ،ص ۲۸۷)

اماموں کو نبیوں کی طرح معصوم سمجھنا بددینی و گمراہی ہے۔نبیوں اور فرشتوں کے معصوم ہونے کا یہ مطلب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان حضرات کو گناہوں سے محفوظ رکھنے کا وعدہ فرما لیا ہے۔اس سبب سے ان حضرات کا گناہ میں مبتلا ہونا شرعاً محال ہے برخلاف اماموں اور اولیاء کے۔اللہ تعالیٰ انہیں گناہوں سے بچاتا ہے۔لیکن اگر کبھی ان حضرات سے کوئی گناہ صادر ہو جائے تو یہ شرعاً محال نہیں۔

(بہارشریعت،ج ۱،ح ۱،ص ۱۳)

عقیدہ :۷ اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں پر شریعت کے جتنے احکام تبلیغ کے لئے نازل فرمائے ان پیغمبروں نے ان تمام حکموں کو خدا کے بندوں تک پہنچا دیا ہے۔

(اليواقيت والجواهر ، المبحث الثاني والثلاثون في ثبوت رسالة نبينا محمد صلى الله عليه وسلم، ج ۲،ص ۲۵۲)

جو شخص یہ کہے کہ کسی نبی نے کسی حکم کو تقیہ یعنی خوف کی وجہ سے یا اور کسی وجہ سے چھپا لیا اور خدا کے بندوں تک نہیں پہنچایا وہ کافر ہے۔

(المعتقد المنتقد مع المستند المعتمد، منه تبليغ جميع ما امروا بتبليغه، ص ۱۱۳-۱۱٤)